ISSUE 27 APR-JUN 2020

# PULSE

NEWSLETTER




Pakistan Mercantile Exchange

PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

## Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)

is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company limited, ZaraiTaraqiati Bank limited and Pak Kuwait Investment Company limited.

The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services, i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.

Cotton

Wheat

Corn

Soyabean



---

**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design by: d.Studio
Printer: Appletree Graphics

# CONTENT


01 PMEX to Unveil Global Trading Platform

02 PMEX Embarks upon Diversifying Investors' Participation in Commodity Market

03 PMEX Offers a Full Suite of Trading Services under MT5

04 PMEX Extends Work from Home Timeline

04 PMEX Appoints Chief Business Officer

05 Managing Director PMEX meets Federal Minister for National Food Security and Research

05 Obituary

06 Awareness Programs

07 Circulars and Notifications

08 Top Ten Brokers

09 PMEX Highlights

10 Price Trends of Commodities





**Pakistan Mercantile Exchange Limited**

**Head Office:** 3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road, Gizri, Karachi – 75600, Pakistan.
UAN: (+9221) 111-623-623
Fax: (+9221) 35155-022
Email: info@pmex.com.pk

**Islamabad Office:** Office No. G-9(B), ISE Towers, Jinnah Avenue
Blue Area, Islamabad. Tel: (+9251) 2894003-4

**Lahore Office:** Office # 01, P2 Floor Ali Tower, 105- B2,
M.M Alam Road Gulberg 3, Lahore. Tel: (+9242) 35752825-6

**Customer Support Services**
UAN: (+9221) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

# PMEX to Unveil Global Trading Platform

In today's global market place, buyers are purchasing a wide array of commodities from different parts of the world. The global buyers, however, face various challenges while buying commodities across geographical boundaries. Traditionally, they go through a long and cumbersome process of procuring such commodities that include but not limited to; quality assurance of the commodities as per international standards, issuance of letters of credit for sellers, procurement challenges such as ground logistics, sea cargo, procurement of insurances and overcoming local custom hurdles prior to getting the commodities delivered at their desired ports.

In Pakistan, farmers, miners and commodity stockists produce and export a rich variety of agricultural and non-agricultural commodities globally. It is often very challenging for them to find the international buyers or satisfy their demands due to various by-laws and operational challenges in their respected countries. As a result, they tend to lose their market share against competing countries.




Keeping in view the challenges faced by local sellers and global buyers, PMEX is introducing Global Trading Platform (GTP) – the first international digital trading platform of its kind in South Asia. The GTP will act as commodity procurement and trading platform showcasing a variety of commodities of Pakistan to the global market by offering an end-to-end one-window solution. The ecosystem of GTP has been designed to remove the dilemma of buyers and sellers by providing them a unique opportunity to trade commodities in real time at a regulated platform with utmost convenience.

For this digital platform, PMEX has partnered with HashMove to provide an advanced logistics platform, which will empower buyers to search, compare, book and track their commodities in real time. Also, the buyers will be able to obtain the in-transit insurance for the purchased commodities through this platform. Similarly, the world's leading company, SGS has been arranged to provide inspection, verification, testing and certification services thereby giving an absolute comfort to the buyers that the commodities delivered will be as per agreed international standards.

The GTP is expected to be a game changer in revolutionizing the trading of commodities not only in Pakistan but globally. It is designed to provide myriad of benefits for both the local sellers and global buyers. For the first time in Pakistan, GTP will provide an opportunity to small, medium and large commodity sellers to sell their commodities and get prompt payment without being registered as exporters. In addition, sellers will not face the hassle of the preparation of any export documentation which will be handled by GTP on behalf of them. Moreover, by listing commodities at GTP, they will sell their product in new markets and attracts new buyers from all over the world.

The global buyers on the other hand will have an advantage to reach a wide variety of verified commodity sellers at GTP. They will not only have the opportunity to purchase commodities with quality certification as per the international standards in small to large volumes but also at competitive prices and delivered the goods at the port of their choice at the click of a button. The GTP will provide the buyers with the security of their money until the trade is successfully executed and the goods are dispatched from Pakistani port to their respected destination.

PMEX plans to unveil GTP soon. For detailed information about trading at GTP, local sellers can reach at **suppliers@pmex.com.pk** while international buyers contact the Exchange at **buyers@pmex.com.pk**.

# PMEX Embarks upon Diversifying Investors' Participation in Commodity Market

It is the vision of the Exchange to be a household name in the country. In line with this objective, PMEX relentlessly strives to build a vibrant and resilient commodity market that caters the needs of a diversified investor base, comprising of both retail and institutional investors, with different time horizons and investment perspectives. The Exchange is fully cognizant that breadth and depth of retail participation contributes to both market liquidity and resilience. Therefore, it has embarked upon an endeavour to encourage the presence and direct participation of retail investors in the commodity market.

To achieve the object, PMEX is working on a multi-pronged strategy which comprises of: 1) Introducing Investor Friendly Products, 2) Building Investor Protection 3) Creating Awareness about Trading of Commodity Futures at a Regulated Platform and 4) Ensuring PMEX brokers' presence on a pan-Pakistan basis

### Introducing Investor Friendly Products

It is an ongoing pursuit of PMEX to increase market depth and create new opportunities for market participants. Over the years, the Exchange has diversified its product suite by listing various commodities under metals, energy, indices, currencies and agriculture categories, which are being traded actively at leading exchanges around the world along with the local commodities. This has boosted the confidence of market participants and encouraged them to actively trade at the Exchange.

To further broaden investor's base, with special focus on developing retail clientele, PMEX is actively working on diversifying its product suite by listing the products most sought after by the retail investors. Furthermore, the Exchange will develop the systems and procedures in a manner so that retail investors can invest with utmost ease and convenience.

At present, the Exchange is working to bring the trading of physical gold at its platform with easy-to-understand terms and conditions and help the investors to convert gold into a financial asset. The Exchange is confident that once physical gold is actively traded at the Exchange, it will yield multiple benefits to all the stakeholders. It will provide portfolio diversification opportunity to investors, help the Government to document gold trade, boost export of jewellery from Pakistan and create a full-fledged gold-backed investment industry along with a formal gold-based lending market.

In parallel, PMEX is also working on introducing Treasury Bills (T-Bills), which are debt instruments issued by State Bank of Pakistan on behalf of the Government of Pakistan and backed by their full faith and credit. Investments in government securities such as T-Bills are one of the safest investment options available to retail investors as these are risk free, highly liquid instruments and accepted as collaterals; provide portfolio diversification and tenor that ranges from three months to one year.

The Exchange is confident that by offering trading opportunities in physical gold and T-Bills, commodity brokers will be able to cater to the needs of a

wider market segment. Moreover, investors will get the opportunity to diversify their investment portfolio.

### Building Investor Protection

To protect the interest of investors, PMEX has launched the Direct Funds Model (DFM). Under this arrangement, the Exchange directly collects funds from the clients as well as directly transfers the withdrawals into their bank accounts. In a nutshell, DFM allows the investors to directly deposit and withdraw cash from their account without the involvement of broker. In essence, the DFM empowers the investors to get complete control of their assets at all the times and restricts the role of the brokers primarily to service the existing clients and solicit new business.

To maintain the sanctity of the clients' information and curb misuse of funds, the Exchange has incorporated additional features i.e. security checks and alerts in cash collection and withdrawal processes. These checks include approval of profile by the client, tagging of IBAN, email and mobile number to a single UIN and system generated SMS/email alerts for each trade and funds movement.

### Creating Awareness, Education & Engagement about Commodity Futures Trading

The Exchange is involved in creating awareness about commodity futures trading at a regulated platform both independently and in conjunction with market regulator and brokers. The Exchange regularly conducts seminar, workshops, and webinars for organizations, educational institutes and trade bodies across the country.

### PMEX Brokers Presence on a Pan-Pakistan Basis

In order to achieve the objective of increasing retail investor base, PMEX intends to increase its brokers' presence on a pan Pakistan basis. Introduction of Direct Funds Model (DFM), coupled with other investor protection measures taken by PMEX, limits brokers' role to that of a distributor for account opening purposes and client servicing. PMEX, therefore, plans to get a relax brokerage licensing regime so that it would encourage the young educated entrepreneurs to get its brokerage license and start a new business. It will help the Exchange in expanding its broker network across the country and extending its outreach to cater to needs of diversified investors' base.

## PMEX Offers a Full Suite of Trading Services under MT5

PMEX endeavors relentlessly to stay proactive in identifying and exploring how existing and emerging technologies can help in developing a robust futures market in Pakistan. Since commencement of its operations, the Exchange continued its efforts to modernize and strengthen its technology ecosystem not only to meet market participants' demand for frictionless trading experience, but also transferring benefits of leading-edge technological developments.

Against this backdrop, the Exchange unveiled a full suite of trading services under Meta Trader 5 (MT5), a globally acclaimed multi-functional trading platform. The trading services include Front-end Trading platform with enhanced features along with the Back Office and Market Making System.

PMEX is confident that with the full suite of trading services being offered under MT5 platform, market participants will enjoy a more enhanced trading experience that is at par with global standards.

# PMEX Extends Work from Home Timeline



PMEX set the policy for its employees based in head office in Karachi and branch offices in Lahore and Islamabad in late March, sending staff to work from home as the coronavirus started to spread in the country. After taking the stock of the pandemic situation in the country, PMEX informed its employees that work from home policy will be extended until mid-August 2020.

The widespread availability and ease of use of technologies to collaborate and stay in constant contact, such as Microsoft Teams, Zoom and other services, enabled employees to smoothly adapt to the new work-from-home setup. While working from home, employees appreciated the chance to avoid long commutes, look after their homebound children as schools were closed and tend to family members who may have been impacted by the virus.

The Exchange has decided that reopening office doors and welcoming staff back will be deliberate, slow and gradual.

# PMEX Appoints Chief Business Officer

PMEX has appointed Mr. Zahid Mansoor Ali as Chief Business Officer (CBO). The new role of Mr. Zahid became effective from August 03, 2020.

Mr. Zahid has over three decades of diversified experience in domestic and international financial markets. He has spent 27 years in the banking industry specifically in the field of Treasury. He has worked for Commercial, Islamic and Investment banks and brokerage firms. He holds an MBA (Finance) degree from Institute of Business Administration (IBA).



# Managing Director PMEX meets Federal Minister for National Food Security and Research

Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX held an online meeting with honorable Syed Fakhar Imam, Minister for National Food Security and Research on July 20, 2020.

While chairing the meeting, the honorable Minister said that Cotton hedging offers an alternative source of marketing for giving a level playing field and facilitating a smooth flow of national and international trading in cotton. Hedging is a special segment of trade and play role to enhance the trading potential of other agriculture commodities as well.

During the meeting Mr. Shah explained cotton hedging proposal to the Honorable Minister. He also informed that hedging offers a cover against the risk of fluctuations in price that facilitates a smooth flow of national and international trading in cotton.

Hedging is a delivery contract that involves delivery of cotton on the dates of maturity. The mechanism of hedge market was introduced in Karachi Cotton Association in 1934 to balance future supply and demand and also to deal with sudden and periodic fluctuations in prices. The cotton hedge trading was later on given a legal cover and was managed under the Cotton Act 1957 and until 1975-76.

PMEX is the country's first and only demutualized commodity futures exchange, licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). It has the license for trading of various commodities including foreign cotton but license has not been granted to any entity yet for operating domestic cotton futures market.

## Obituary



On June 26, 2020, Hasan Mahmood, Head of Business Development PMEX passed away. He was 51. He is survived by his wife and three children.

Hasan was born on June 06, 1969. He did his MBA from Quaid-i-Azam University, Islamabad and also held Master's degree in Mathematics.

During his tenure of 16 years at PMEX, he led product and business development with great dedication and skill. Prior to joining PMEX, he worked at National Investment Trust (NIT).

His leadership, talent and expertise had been a great asset to the Exchange. He set an example of sheer honesty, unfailing work ethics, dedication and hard work that will continue to be a living memory and inspiration for PMEX team. He will be greatly missed by PMEX team, members, business partner and all who knew him.

May Allah rest his soul in eternal peace and grant him highest place in Jannah. Ameen.

# Awareness Programs


## Futures Training 101

The Exchange conducted several online training sessions this quarter under the banner “Futures Trading 101”. These sessions were attended by a wide array of potential investors from different walks of life. The training provided in-depth knowledge about futures trading at a regulated platform of PMEX.

The weekly free-of-cost online training sessions are held on every Wednesday from 4:00 pm to 5:00 pm.

## Online Training Session for the Clients of Arif Habib Commodities

The Exchange organized an online training session for the clients of Arif Habib Commodities Limited and briefed them about PMEX product suite, trading systems, Direct Funds Model, Investor Protection and guidelines for clients of commodity futures brokers.




## Webinars for Educational Institutes

During April – June 2020 quarter. PMEX organized webinars for the students and faculty members of National University of Modern Languages (NUML), Iqra University, Islamabad and City University of Science & Information Technology, (CUSIT), Peshawar.

The participants were briefed about commodity futures trading at a regulated platform, Exchange’s integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products. To acquaint newcomers with commodity trading, the students were briefed about MetaTrader 5 Demo Trading facility, which is similar to the real trading with the exception that virtual money is used.

# Circulars and Notifications

**April 01, 2020**
All market participants were informed that due to the prevailing Novel Coronavirus (COVID-19) pandemic and extreme volatility in the commodity markets globally; the Exchange has decided to implement additional margins for all Crude Oil Contracts (Crude -10, Crude -100 and Crude-1000).

**April 13, 2020**
All brokers were informed to have in place internal procedures to ensure proper handling of complaints received from customers and take appropriate remedial action. They were also advised to redress customers' grievances promptly but not later than thirty days of receipt thereof. All brokers were advised to ensure strict compliance of the stipulated regulatory requirements.

**April 13, 2020**
Attention of all brokers was drawn to clause 26(4) of the Futures Brokers (Licensing and Operations) Regulations, 2018 ("Regulations"). Brokers were advised to submit the required aforementioned information as per the clause to the Exchange latest by 30th of the subsequent month of every quarter at compliance@pmex.com.pk as per the format attached herewith as Annexure "A".

**April 13, 2020**
Attention of all brokers was drawn to sub-clause (3) of clause 30 of the Futures Brokers (Licensing and Operations) Regulations, 2018 ("Regulations") and clause 9(a) of Corporate Governance Code for Futures Broker. Brokers were advised to ensure timely compliance with the stipulated regulatory requirements.

**April 13, 2020**
All market participants were informed that the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has prepared a "Paper on Review and Amalgamation of Securities Act, 2015 and Futures Market Act, 2016". The market participants were requested to submit their proposals to the SECP, under intimation to the PMEX, within 30 days of the date of issue of this circular.

**April 17, 2020**
All market participants were informed that due to the prevailing Novel Coronavirus (COVID-19) pandemic situation and extreme volatility in the global oil markets, the Exchange had decided to implement certain changes in operational parameters for all variants of Crude Oil Contracts, which became effective from Friday, April 17, 2020.

**April 21, 2020**
The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide letter dated March 20, 2020 advised all brokers to remove all links, logo and standees of "Jama Punji" from their websites, emails and outside places / premises.

**April 22, 2020**
All market participants are hereby informed that the Exchange has revised with immediate effect client-wise position limits in all Crude Oil contracts.

**April 23, 2020**
All market participants were informed that the contract expiry dates of all Crude Oil contracts had been shortened the moment its price reaches USD1.0 per barrel. This would result in closing-off of all open positions with calculation of final profits and losses at this rate. Brokers and their Clients were advised to remain vigilant about margin calls and execution of stop orders under the current operational parameters and prevailing conditions.

**May 14, 2020**
In continuation to Circular No.: PMEX/MKT, BD&CSS/2018/31 dated September 19, 2018, all brokers were informed that the SECP has updated the Guidelines (updated April, 2020) which can be viewed by visiting SECP website. They were also advised to ensure compliance with the Guidelines.

# TOP TEN BROKERS

April - June, 2020

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Enrichers (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 3 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 4 | BIPL Securities Limited | Askari Securities Limited |
| 5 | JS Global Capital Limited | BIPL Securities Limited |
| 6 | FinTech (Pvt.) Limited | Khawaja Securities (Pvt.) Limited |
| 7 | Askari Securities Limited | JS Global Capital Limited |
| 8 | Khawaja Securities (Pvt.) Limited | Blink Capital Management (Pvt.) Limited |
| 9 | Topline Securities Limited | Topline Securities Limited |
| 10 | AKD Securities Limited | FinTech (Pvt.) Limited |

**June 04, 2020**
All market participants were informed that the Exchange, as a part of infrastructure development and service improvement, would switch to MT5 platform on a full-fledged basis and discontinue NEXT terminal. As a result, MT5 would be the only terminal available for trading at PMEX. All brokers were strongly advised to ensure that all of their clients enable their MT5 accounts and become fully conversant to its functionalities.

**June 04, 2020**
All market participants were informed that the Exchange had revised the margins for Crude Oil Contracts.

**June 30, 2020**
All market participants were informed that the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) would hold a Webinar on Revamping the Securities Act, 2015 and Futures Market Act, 2016 on July 14, 2020 from 2:30 pm to 4:30 pm to engage stakeholders and obtain suggestions.

Total contracts traded

**951,937**

Total Rupee Value Traded

**506.243** billion


Number of Brokers active

**42**


# PMEX Highlights

# پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں


## PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE
in PKR Billions





## TRADED VOLUME





## VOLUME OF 14 MAJOR COMMODITIES
in PKR Billions




## NEW UNIS




## DEMO TRADING ACCOUNTS



# دس سرفہرست بروکرز

اپریل۔جون 2020ء

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ١ | ایچ۔جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ایچ۔جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ٢ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ٣ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ٤ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ | عسکری سیکیورٹیز لمیٹڈ |
| ٥ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ |
| ٦ | فنٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ | خواجہ سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ٧ | عسکری سیکیورٹیز لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ |
| ٨ | خواجہ سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ٩ | ٹاپ لائن سیکیورٹیز لمیٹڈ | ٹاپ لائن سیکیورٹیز لمیٹڈ |
| ١٠ | اے کے ڈی سیکیورٹیز لمیٹڈ | فنٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ |

کل تجارتی معاہدے

**951,937**

کل تجارتی رقم

**506.243**

بلین روپے

ایکٹیو بروکرز کی تعداد

**42**

### 4 جون 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ ایکسچینج اپنے انفرااسٹرکچر کو مضبوط بنانے اور سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ایم ٹی 5 پلیٹ فارم پر مکمل طور پر منتقل کر دیا جائے گا اور نیکسٹ ٹرمینل کا استعمال بند کر دیا جائے گا۔ اس کے نتیجہ میں پی ایم ای ایکس پر ٹریڈنگ کرنے کے لیے صرف ایم ٹی 5 دستیاب ہوگا۔ تمام بروکرز کو سختی سے یہ ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے کلائنٹس کے ایم ٹی 5 اکاؤنٹس کو آپریشنل بنائیں اور انہیں اس قابل بنائیں کہ وہ ایم ٹی 5 کے تمام فنکشنز کو استعمال کر سکیں۔

### 24 جون 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے کروڈ آئل کے تمام کنٹریکٹس پر نظر ثانی کی ہے۔

### 30 جون 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) سیکیورٹیز ایکٹ 2015 اور فیوچرز مارکیٹ ایکٹ 2016 کو زیادہ بہتر بنانے کے لیے ایک ویب نار 14 جولائی 2020ء کو 2:30 بجے سے 4:30 بجے تک منعقد کر رہا ہے تاکہ متعلقین سے ان کے بارے میں آراء حاصل کی جاسکیں۔

# سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز

### 1 اپریل 2020ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ نول کرونا وائرس (کووڈ-۱۹) کی وبائی صورت حال اور عالمی کموڈٹی مارکیٹس کی شدید ہیجانی کیفیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج نے کروڈ آئل کنٹریکٹس (کروڈ-۱۰، کروڈ-۱۰۰ اور کروڈ-۱۰۰۰) میں اضافی مارجنز کے اطلاق کا فیصلہ کیا ہے۔

### 13 اپریل 2020ء
تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ کسٹمرز کی شکایت کے ازالے کے لیے مناسب نظام کو اپنے ہاں نافذ کریں اور ان مسائل کو حل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائیں۔ ان کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ کسٹمرز کی شکایت دور کرنے کے لیے فوری توجہ دیں لیکن اس کا دورانیہ 30 دن سے زائد نہ ہو۔ تمام بروکرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کریں۔

### 13 اپریل 2020ء
تمام بروکرز کی توجہ فیوچرز بروکرز (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز 2018 کی شق (4)26 کی طرف دلائی گئی۔ ان کو ہدایت کی گئی کہ وہ مطلوبہ معلومات بیان کردہ شق کے مطابق ایکسچینج کو سہ ماہی گزر جانے کے بعد منسلک ضمیمہ'A' کے مطابق 31 دن کے اندر
compliance@pmex.com.pk
پر فراہم کردیں۔

### 13 اپریل 2020ء
تمام بروکرز کی توجہ فیوچرز بروکرز (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز 2018 کی شق (30) کی ذیلی شق (3) اور کارپوریٹ گورنینس کوڈ برائے فیوچرز بروکرز کی شق (a)9 کی طرف دلائی گئی۔ انہیں ہدایت کی گئی کہ ریگولیٹری ہدایات کی بروقت تعمیل کو یقینی بنائیں۔

### 13 اپریل 2020ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایک دستاویز "پیپر آن ریویو اینڈ ایملگامیشن آف سیکیورٹیز ایکٹ 2015 اینڈ فیوچرز مارکیٹ ایکٹ 2016" تیار کیا ہے۔ مارکیٹ کے تمام شرکاء سے درخواست کی گئی کہ وہ اس دستاویز کے بارے میں اپنی تجاویز ایس ای سی پی کو اس سرکلر کے اجراء سے 30 دنوں میں ایس ای سی پی کو بھیج دیں اور اس کی اطلاع پی ایم ای ایکس کو بھی دے دیں۔

### 17 اپریل 2020ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے نوول کرونا وائرس (کووڈ-۱۹) کی وبائی صورت حال اور عالمی منڈیوں میں کروڈ آئل کی شدید ہیجانی کیفیات کو مدنظر رکھتے ہوئے کروڈ آئل کے تمام کنٹریکٹس کے آپریشنل پیرامیٹرز میں کچھ تبدیلیاں کی ہیں جو جمعہ 17 اپریل 2020ء سے نافذ العمل کر دی گئی ہیں۔

### 21 اپریل 2020ء
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے خط مؤرخہ 20 مارچ 2020ء کے ذریعے تمام بروکرز کو آگاہ کیا کہ وہ اپنی ویب سائٹس، ای میلز میں دی گئی جمع پونجی کی لنکس اور دفاتر اور کاروبار کی جگہ پر رکھی گئی اسٹینڈیز ہٹادیں۔

### 22 اپریل 2020ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے فوری طور پر کروڈ آئل کے تمام کنٹریکٹس میں کلائنٹس کی پوزیشن لمٹس پر نظر ثانی کی ہے۔

### 22 اپریل 2020ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ کروڈ آئل کے تمام کنٹریکٹس کی مقررہ مدت اس وقت فوراً مختصر کردی جائیں گی جب ان کی قیمت ایک ڈالر فی بیرل تک گر جائے گی۔ اس کے نتیجہ میں ان کی اوپن پوزیشنز ختم کردی جائیں گی اور اس وقت کی قیمت کی بنیاد پر ان کے نفع یا نقصان کا حساب کیا جائے گا۔

### 14 مئی 2020ء
سرکلر نمبر 31/ pmex / mkt / BD&CS / 2018 مؤرخہ 19 ستمبر 2019ء کے تسلسل میں تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ ایس ای سی پی نے اپنی گائیڈ لائنز کو اپریل 2020 میں اپ ڈیٹ کیا ہے اور ان کو اپنی ویب سائٹ پر بھی پوسٹ کردیا ہے۔ تمام بروکرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ ان گائیڈ لائنز پر عمل کو یقینی بنائیں۔

# آگاہی پروگرامز

## فیوچرز ٹریننگ 101

ایکسچینج نے فیوچرز ٹریننگ 101 کے تحت اس سہ ماہی میں 2 آن لائن ٹریننگ سیشنز منعقد کیے۔ان سیشنز میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔اس ٹریننگ کے دوران شرکاء کو پی ایم ای ایکس کے باقاعدہ لائسنس یافتہ ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔یہ بلا معاوضہ ٹریننگ سیشنز ہر ہفتے بدھ کے دن 4 سے 5 بجے کے دوران پی ایم ای ایکس کے دفتر میں منعقد کیے جاتے ہیں۔




## عارف حبیب کموڈٹیز کے کلائنٹس کے لیے آن لائن ٹریننگ سیشن

ایکسچینج نے عارف حبیب کموڈٹیز کے کلائنٹس کے لیے ایک آن لائن ٹریننگ سیشن منعقد کیا۔جس میں ان کو پی ایم ای ایکس کی پراڈکٹس، ٹریڈنگ سسٹمز، ڈائریکٹ فنڈز ماڈل، انویسٹر پروٹیکشن اور گائیڈ لائنز جو بروکرز کے کلائنٹس کے لیے فراہم کی گئی ہیں، ان کی تفصیلات بتائی گئیں۔

## تعلیمی اداروں کے لیے ویبی نارز

اپریل۔جون 2020ء سہ ماہی کے دوران پی ایم ای ایکس نے نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (این یو ایم ایل)، اقراء یونیورسٹی اسلام آباد اور سٹی یونیورسٹی آف سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی (سی یو ایس آئی ٹی) پشاور کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کے لیے ویبی نارز منعقد کیے۔

شرکاء کو ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں بتایا گیا۔اس کے علاوہ ایکسچینج کے باہم مربوط بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کرائی جانے والی پراڈکٹس کی تفصیلات بتائی گئیں۔نو وارد ارکان کو کموڈٹی ٹریڈنگ سے آگاہ کرنے کے لیے میٹا ٹریڈ 5 کی ڈیمو ٹریڈنگ کی سہولت کے بارے میں بتایا گیا جو حقیقی ٹریڈنگ سے متاشابہ ہے،

# پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر کی وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سے ملاقات

پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ اور وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام کے درمیان ایک آن لائن میٹنگ 20 جولائی 2020ء کو منعقد کی گئی۔

اس میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے عزت مآب وزیر نے کہا کہ کاٹن ہیجنگ مقامی اور بین الاقوامی مارکیٹس میں کاٹن کی ٹریڈنگ میں لیول پلے انگ فیلڈ فراہم کرتی ہے اور اس کی خرید وفروخت میں سہولت فراہم کرتی ہے۔ ہیجنگ کاٹن کی ٹریڈنگ کا خاص حصہ ہے اور دیگر زرعی مصنوعات کی ٹریڈنگ کے امکانات بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

اس میٹنگ کے دوران شاہ صاحب نے کاٹن میں ہیجنگ کی تجویز کی تفصیلات عزت مآب وزیر کو بتائیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اس کے ذریعے کاٹن کی قیمت میں اتار چڑھاؤ کے خطرے پر قابو پایا جاسکتا ہے جو اس کی مقامی اور بین الاقوامی ٹریڈنگ میں سہولت فراہم کرتی ہے۔
ہیجنگ ایک ایسا ڈلیوری کنٹریکٹ ہے جو مقررہ تاریخ پر کاٹن کی ڈلیوری کو یقینی بناتا ہے۔
کراچی کاٹن ایسوسی ایشن نے یہ طریقہ کار 1934ء میں متعارف کرایا تھا۔ جس کا مقصد مستقبل میں کاٹن کی رسد اور طلب میں توازن پیدا کرنا تھا اور کاٹن کی قیمت میں اچانک یا سیزنل تبدیلی پر قابو پانا تھا۔ بعدازاں کاٹن کی ہیج ٹریڈنگ کو کاٹن ایکٹ 1957 کے تحت قانونی حیثیت دے دی گئی جو 76-1975 تک جاری رہی۔

پی ایم ای ایکس پاکستان کا پہلا اور واحد ڈی میوچلائز ڈفیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ ایکسچینج کے پاس مختلف کموڈٹیز بشمول غیرملکی کاٹن کی ٹریڈنگ کا لائسنس ہے۔ تاہم ابھی تک کاٹن کے مقامی فیوچرز کنٹریکٹس کی ٹریڈنگ کی اجازت کسی ادارے کو نہیں دی گئی ہے۔

## حسن محمود کی یاد میں



26 جون 2020ء کو حسن محمود، ہیڈ آف بزنس ڈیولپمنٹ، پی ایم ای ایکس اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ انہوں نے پس ماندگان میں ایک بیوہ اور تین بچے چھوڑے ہیں۔

حسن محمود 6 جون 1969ء کو پیدا ہوئے۔ انہوں نے قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد سے ایم بی اے کیا۔ اس کے علاوہ ان کے پاس ریاضی میں بھی ماسٹرز کی ڈگری تھی۔

پی ایم ای ایکس میں اپنی 16 سال کی وابستگی کے دوران انہوں نے پراڈکٹ اور بزنس ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی انتہائی لگن اور مہارت سے سربراہی کی۔ پی ایم ای ایکس میں شمولیت سے قبل وہ نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ (این آئی ٹی) سے وابستہ رہے تھے۔

ان کی قیادت، ہنرمندی اور تجربہ ایکسچینج کے لیے ایک بہت بڑا اثاثہ تھی۔ انہوں نے دیانت داری، کام کرنے کے اعلیٰ معیار، لگن اور سخت محنت کی وہ مثال قائم کی جو پی ایم ای ایکس کے ملازمین کے لیے مشعل راہ رہے گی۔ پی ایم ای ایکس کی ٹیم ممبرز، بزنس پارٹنرز اور وہ تمام لوگ جو ان سے واقف تھے، ان کی کمی محسوس کرتے رہیں گے۔

# پی ایم ای ایکس کے ملازمین کو گھر سے کام کرنے کی سہولت میں توسیع



ملک میں کروناوائرس کی پھیلتی ہوئی وباء کے پیش نظر پی ایم ای ایکس نے اپنے کراچی میں واقع ہیڈ آفس اور لاہور اور اسلام آباد میں واقع برانچوں میں کام کرنے والوں کے لیے مارچ کے آخر تک گھر سے کام کرنے کی پالیسی کا اعلان کیا تھا۔ ملک میں وباء کی صورت حال کا جائزہ لینے کے بعد پی ایم ای ایکس نے فیصلہ کیا کہ گھر سے کام کرنے کی اس سہولت میں اگست کے وسط تک توسیع کر دی جائے۔

ٹیکنالوجی کی وسیع پیانے پر دستیابی اور استعمال میں سہولیات مثلاً مائیکروسافٹ ٹیم، زوم اور دیگر سروسز نے ملازمین کو اس قابل بنایا کہ وہ ایک دوسرے سے مسلسل رابطے میں رہیں اور گھر سے کام کرنے کے نئے طریقوں سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ گھر سے کام کرتے ہوئے ملازمین نے اس بات کو سراہا کہ ان کو لمبے سفر سے بچنے کا موقع ملا۔ بچوں کو جو اسکول بند ہونے کی وجہ سے گھر تک محدود ہو گئے تھے زیادہ وقت دینے اور خاندان کے ان افراد کی جو کرونا سے متاثر ہو گئے ہوں بہتر دیکھ بھال کا موقع ملا۔ ایکسچینج نے فیصلہ کیا کہ آفس کے دروازے کھولنے کا عمل غور و فکر کے بعد آہستہ اور بتدریج ہوگا۔

## پی ایم ای ایکس میں چیف بزنس آفیسر کی تقرری

پی ایم ای ایکس میں زاہد منصور علی کو بطور چیف بزنس آفیسر (سی بی او) تعینات کیا گیا ہے۔ ان کو یہ نئی ذمہ داری 3 اگست 2020ء کو سونپی گئی ہے۔



زاہد صاحب کے پاس مقامی اور بین الاقوامی فنانشل مارکیٹس میں کام کرنے کا تین دہائیوں سے زیادہ کا تجربہ ہے۔ انہوں نے 27 سال بینکنگ انڈسٹری میں گزارے ہیں جس کا بڑا حصہ ٹریژری کے شعبہ سے وابستگی ہے۔ انہوں نے کمرشل، اسلامک اور انویسٹمنٹ بینکنگ اور بروکریج فرمز میں کام کیا ہے۔

انہوں نے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) کراچی سے ایم بی اے (فنانس) کی ڈگری حاصل کی ہے۔

## انویسٹر پروٹیکشن

انویسٹرز کی حفاظت کے لیے پی ایم ای ایکس نے ڈائریکٹ فنڈ ماڈل (ڈی ایف ایم) متعارف کرایا ہے۔ اس انتظام کے تحت ایکسچینج کلائنٹس سے براہ راست فنڈز وصول کرتا ہے اور ایسے ہی واپس کی جانے والی رقم ان کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کر دی جاتی ہیں۔ مختصر یہ کہ ڈی ایف ایم ان کو اجازت دیتا ہے کہ وہ براہ راست ایکسچینج کو رقم ادا کر دیں اور اپنے اکاؤنٹ میں رقم وصول کر لیں، بروکر کو ملوث کیے بغیر۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ انویسٹرز کو اپنے اثاثوں پر تمام وقت مکمل اختیار حاصل ہوتا ہے اور بروکر کو ان کے بنیادی کردار تک محدود کر دیتا ہے جو موجودہ کلائنٹس کو خدمات فراہم کرنا اور نئے کاروبار کا حصول ہے۔

کلائنٹس کی معلومات کا تقدس برقرار رکھنے اور فنڈز کا غلط استعمال روکنے کے لیے ایکسچینج نے مزید فیچرز شامل کیئے ہیں مثلاً رقم جمع کرانے اور واپسی کے وقت سیکیورٹی چیکس اور الرٹس۔ اس میں جو چیکس شامل ہیں وہ کلائنٹس کی جانب سے پروفائل کی منظوری، آئی بی اے این کی ٹیگنگ، یو آئی این کے ساتھ ای میل اور موبائل فون کا منسلک کرنا اور ہر ٹریڈ یا فنڈ کی منتقلی کے وقت سسٹم کی جانب سے ایس ایم ایس / ای میل کا اجراء۔

## کموڈٹی فیوچرز ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی

ایکسچینج ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے آزادانہ اور ریگولیٹر اور بروکرز کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے۔
ایکسچینج باقاعدگی سے سیمینارز، ورک شاپس اور ویب نارز اداروں، تعلیمی اداروں اور ٹریڈ باڈیز کے لیے ملک بھر میں منعقد کرتا ہے۔

## پی ایم ای ایکس کے بروکرز کی ملک بھر میں موجودگی

پی ایم ای ایکس اپنے اس ہدف کے حصول کے لیے کہ ریٹیل انویسٹرز کی تعداد بڑھائی جائے، ملک بھر میں اپنے بروکرز کی موجودگی بڑھانے کا عزم رکھتا ہے۔ ڈائریکٹ فنڈز ماڈل (ڈی ایف ایم) کا تعارف کے ساتھ انویسٹرز کی حفاظت کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات نے بروکرز کو ان کے کلیدی کردار تک محدود کر دیا ہے۔ جو اکاؤنٹ کھولنے کے لیے سہولت کار اور دیگر خدمات فراہم کرتا ہے۔ اس لیے پی ایم ای ایکس بروکرز لائسنسنگ کے طریقہ کار میں کچھ سہولیات فراہم کرنا چاہتا ہے تاکہ نوجوان تعلیم یافتہ کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی ہو سکے کہ بروکریج لائسنس حاصل کریں اور ایک نیا کاروبار شروع کر سکیں۔ یہ ایکسچینج کو ملک بھر میں اپنے بروکرز کے نیٹ ورک کو وسعت دینے اور اس کی پہنچ بڑھانے میں مدد دے گا تاکہ وہ ملک بھر میں پھیلے ہوئے انویسٹرز کو ان کی مطلوبہ خدمات فراہم کر سکیں۔

## پی ایم ای ایکس میں ایم ٹی 5 کا مکمل تعارف

پی ایم ای ایکس کی ان تھک کوشش ہے کہ موجودہ اور مستقبل میں متعارف ہونے والی ٹیکنالوجیز پر گہری نظر رکھے تاکہ پاکستان میں ایک مستحکم فیوچرز مارکیٹ کی نشوونما ہو سکے۔ اپنے قیام کی ابتداء ہی سے ایکسچینج کی مسلسل کوشش ہے کہ اپنے ٹیکنالوجی کے نظام کو جدید تر اور مستحکم بنا سکے تاکہ مارکیٹ کے شرکاء کو ہر قسم کی رکاوٹ سے مبرا سہولت نہ صرف فراہم کی جا سکے بلکہ ان کو ٹیکنالوجی میں ہونے والی جدتوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع مل سکے۔

اس ہدف کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج نے میٹا ٹریڈر 5 پر مشتمل مکمل ٹریڈنگ کا نظام متعارف کرایا ہے جو بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ اور ملٹی فنکشنل ٹریڈنگ پلیٹ فارم ہے۔ اس میں فرنٹ اینڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم ہے جو زیادہ سہولیات فراہم کرتا ہے اس کے ساتھ بیک آفس اور مارکیٹ میکنگ سسٹم ہے۔

پی ایم ای ایکس کو بھروسہ ہے کہ ایم ٹی 5 کی ٹریڈنگ کی مکمل سہولیات کی فراہمی سے مارکیٹ کے شرکاء ایک بہتر ٹریڈنگ کے تجربہ سے لطف اندوز ہوں گے جو بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ ہے۔

# پی ایم ای ایکس میں سرمایہ کاروں کی شراکت بڑھانے کی کوشش

ایکسچینج کا وژن ہے کہ پی ایم ای ایکس کے نام کو ملک کے ہر ایک گھر میں جانا پہچانا نام بنا دے۔ اس ہدف کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج کی مسلسل کوشش ہے کہ ملک میں ایک متحرک اور لچکدار کموڈٹی مارکیٹ بن جائے جو متنوع سرمایہ کاروں کی ضروریات پوری کر سکے، جو ریٹیل اور انسٹیٹیوشنز پر مشتمل ہو اور ان کا سرمایہ کاری کا دورانیہ اور نقطہ نظر مختلف ہو۔ ایکسچینج اس امر سے بخوبی واقف ہے کہ مارکیٹ کی وسعت اور گہرائی ریٹیل انویسٹرز کی شراکت کا سبب بنتی ہے جو مارکیٹ میں لیکویڈٹی اور لچک فراہم کرتی ہے۔ اس لیے ایکسچینج نے ایک نئی کوشش شروع کی ہے۔ تا کہ کموڈٹی مارکیٹ میں ریٹیل انویسٹرز کی موجودگی اور براہ راست شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ایکسچینج ایک کثیر الجہت حکمت عملی پر عمل کر رہا ہے جو ان امور پر مشتمل ہے: (1) انویسٹرز فرینڈلی پراڈکٹس کا تعارف، (2) سرمایہ کاروں کے تحفظ کے نظام کا قیام، (3) ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کے بارے میں آگاہی اور (4) ملک بھر میں پی ایم ای ایکس کے بروکرز کی موجودگی کو یقینی بنانا ہے۔

## انویسٹرز فرینڈلی پراڈکٹس کا تعارف

پی ایم ای ایکس کی جہد مسلسل ہے کہ مارکیٹ کی وسعت اور گہرائی بڑھائی جائے تا کہ مارکیٹ کے شرکاء کے لیے نئے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ گذشتہ سالوں میں ایکسچینج نے اپنی پراڈکٹس کو متنوع بنانے کے لیے نئی کموڈٹیز کی لسٹنگ کی ہے جو میٹلز، انرجی، انڈیکس، کرنسیز اور ایگری کلچرل پراڈکٹس پر مشتمل ہیں جو دنیا بھر کے سرفہرست کموڈٹی ایکسچینجز پر ٹریڈ کی جاتی ہیں اور مقامی کموڈٹیز کے علاوہ ہیں۔ اس عمل نے مارکیٹ کے شرکاء کے اعتماد میں اضافہ کیا ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کی ہے کہ ایکسچینج پر بھرپور طریقہ سے ٹریڈنگ کریں۔

انویسٹرز، بالخصوص ریٹیل انویسٹرز کی تعداد بڑھانے کے لیے پی ایم ای ایکس اپنی پراڈکٹس کو متنوع بنانے کے لیے بھرپور طریقہ سے کام کر رہا ہے اور خاص طور پر ان پراڈکٹس کی لسٹنگ کی جا رہی ہے جن میں ریٹیل انویسٹرز گہری دلچسپی لیتے ہیں۔ مزید برآں ایکسچینج سسٹمز اور پروسیجرز تیار کر رہا ہے جو ریٹیل انویسٹرز کے لیے سرمایہ کاری کو آسان بنائیں گے۔ فی الوقت ایکسچینج اپنے ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر فزیکل گولڈ کی ٹریڈنگ بڑھانے کے لیے آسان اور قابل فہم شرائط و ضوابط تیار کر رہا ہے تا کہ سرمایہ کاروں کو سونے کو مالیاتی اثاثے میں بدلنے میں مدد دی جا سکے۔ ایکسچینج کو یقین ہے کہ جب اس کے پلیٹ فارم پر سونے کی بھرپور طریقہ سے ٹریڈنگ کی جائے گی تو مارکیٹ کے شرکاء کو بہت سے فائدے حاصل ہوں گے۔ اس سے انویسٹرز کو مواقع ملیں گے کہ وہ اپنے پراڈکٹ پورٹ فولیو کو متنوع بنا سکیں۔ حکومت کو مدد ملے گی کہ وہ سونے کی تجارت کی دستاویز تیار کر سکے۔ پاکستان سے زیورات کی برآمد بڑھے گی اور سونے کی بنیاد پر سرمایہ کاری اور اس کے عوض قرضوں کے حصول کو ممکن بنایا جا سکے گا۔

اس کے ساتھ ساتھ پی ایم ای ایکس اپنے پلیٹ فارم پر ٹریژری بلز (ٹی بلز) کی ٹریڈنگ فراہم کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ ٹی بلز ڈیٹ انسٹرومنٹ ہیں جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان حکومت پاکستان کی طرف سے جاری کرتا ہے جن پر سرمایہ کاروں کا اعتماد ہے اور اس کے عوض قرضہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کو انویسٹرز نہایت محفوظ سمجھتے ہیں، ان کی خرید و فروخت نہایت آسان ہے۔ ان کو قرضہ حاصل کرنے کے لیے بطور ضمانت قابل قبول کیا جاتا ہے اور سرمایہ کاری کو متنوع بنانے میں مدد ملتی ہے۔ ان ٹی بلز کی مدت تین ماہ سے ایک سال ہوتی ہے۔

ایکسچینج کو یقین ہے کہ فزیکل گولڈ اور ٹی بلز کی ٹریڈنگ کی سہولت کموڈٹی بروکرز کو مواقع فراہم کرے گی کہ ایک وسیع تر مارکیٹ کی ضروریات پوری کی جا سکیں۔ مزید برآں انویسٹرز کو موقع ملے گا کہ وہ اپنے انویسٹمنٹ پورٹ فولیو کو متنوع بنا سکیں۔

# پی ایم ای ایکس کے گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم کا تعارف

آج کی عالمی منڈیوں میں خریدار کموڈٹیز کی بہت سی اقسام دنیا کے مختلف ممالک سے خریدتے ہیں۔ تاہم ان کو جغرافیائی حدود کی وجہ سے مختلف چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ روایتی طور پر ان کو کموڈٹیز کی خریداری میں مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس میں بین الاقوامی معیار کی یقین دہانی، لیٹر آف کریڈٹ کا اجراء، خریداری میں درپیش مشکلات جن میں زمین پر نقل و حمل، بحری جہازوں میں سامان کی ترسیل، انشورنس کا حصول اور مقامی کسٹمز میں درپیش مسائل شامل ہیں جو ان کی خرید کی گئی کموڈٹیز کی ان کی مطلوبہ بندرگاہ پر ڈلیوری تک محدود نہیں بلکہ اور بھی مسائل ہیں۔

پاکستان میں کاشتکار، کان کن اور کموڈٹیز کے اسٹاکسٹس زرعی اور غیر زرعی پراڈکٹس کی ایک بہت بڑی مقدار پیدا اور برآمد کرتے ہیں، ان کے لیے بہت مشکل ہوتا ہے کہ وہ غیر ملکی خریدار ڈھونڈ سکیں یا ان کی طلب کو پورا کر سکیں۔ جس کی بڑی وجوہات تجارت سے متعلق قوانین اور آپریشنل چیلنجز ہیں جو درآمد کرنے والے ممالک میں درپیش آتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مقامی ٹریڈرز غیر ملکی سپلائرز سے مقابلہ نہیں کر سکتے۔ ان مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے جو مقامی فروخت کنندگان اور غیر ملکی خریداروں کو درپیش ہوتے ہیں، پی ایم ای ایکس ایک گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی ٹی پی) پر کام کر رہا ہے جو اپنی قسم کا جنوبی ایشیاء کا پہلا انٹرنیشنل ڈیجیٹل ٹریڈنگ پلیٹ فارم ہوگا۔ یہ کموڈٹیز کی خریداری کا پلیٹ فارم ہوگا جس کے ذریعے پاکستانی کموڈٹیز کی وسیع رینج بین الاقوامی خریداروں کو ایک کونے سے دوسرے کونے تک فروخت کرنے میں مدد ملے گی۔ جی ڈی پی کا نظام اس طرح تیار کیا ہے کہ خریداروں اور فروخت کرنے والوں کے مسائل کا حل ایک منفرد طریقہ سے فراہم کیا جا سکے اور ان کو کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کا ریئل ٹائم کی بنیاد پر ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر نہایت ہی سہولت کے ساتھ موقع ملے گا۔



اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی تیاری میں پی ایم ای ایکس نے ہیش موڈ کے ساتھ شراکت کی ہے تاکہ خریداروں کو اس قابل بنایا جا سکے کہ وہ ریئل ٹائم کی بنیاد پر اپنی پسند کی کموڈٹیز کو ڈھونڈ سکیں۔ قیمتوں کا مقابلہ کر سکیں۔ اپنے آرڈر بک کر سکیں اور خرید کیے گئے سودوں کی ٹریکنگ کر سکیں۔ اس کے ساتھ خریدار اپنی خریدی ہوئی کموڈٹیز کی سفر کے دوران انشورنس بھی خرید سکیں گے۔ اسی طرح دنیا کی صفِ اوّل کی کمپنی ایس جی ایس کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا جس کے تحت وہ کموڈٹیز کی انسپیکشن، ٹیسٹنگ اور معیار کی تصدیق کرے گی۔ تاکہ خریداروں کو مکمل یقین دلایا جا سکے کہ ان کی خریدی ہوئی کموڈٹیز بین الاقوامی معیار کے مطابق ہیں۔

اس بات کی توقع ہے کہ جی ڈی پی ایک گیم چینجر بن کر سامنے آئے گا اور کموڈٹیز کی مقامی ہی نہیں بلکہ انٹرنیشنل مارکیٹس میں انقلابی تبدیلیاں لائے گا۔ جی ڈی پی سے مقامی فروخت کنندگان اور عالمی خریداروں کو بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ یہ پلیٹ فارم کموڈٹیز کے چھوٹے، درمیانے اور بڑے فروخت کنندگان کو موقع فراہم کرے گا کہ وہ اپنی کموڈٹیز بغیر بطور ایکسپورٹر رجسٹر کیے فروخت کر سکیں اور فوری طور پر ادائیگی وصول کر سکیں۔ اس کے علاوہ وہ برآمد کی دستاویز کی تیاری کے جھنجھٹ سے آزاد رہیں گے۔ یہ کام ان کے لیے جی ڈی پی کرے گا۔ مزید برآں، اپنی کموڈٹیز جی ڈی پی پر لسٹ کرنے سے وہ اپنی پراڈکٹس نئی مارکیٹوں میں فروخت کر سکیں گے اور دنیا بھر سے نئے خریداروں کی توجہ حاصل کر سکیں گے۔

دوسری طرف بین الاقوامی خریداروں کو یہ فائدہ ہوگا کہ وہ جی ڈی پی کے ذریعے ان فروخت کنندگان تک پہنچ سکیں گے جن کی کموڈٹیز کے معیار کی تصدیق ہو چکی ہوگی۔ ان کو نہ صرف موقع ملے گا کہ وہ بین الاقوامی معیار کے مطابق چھوٹی یا بڑی مقدار میں کموڈٹیز خرید سکیں گے بلکہ اپنی خرید شدہ پراڈکٹس کی اپنی پسند کی بندرگاہ پر ڈلیوری مسابقتی قیمتوں پر صرف ایک بٹن دبا کر حاصل کر سکیں گے۔ جی ڈی پی خریداروں کی رقم کی اس وقت تک حفاظت کرے گا جب تک فروخت کا عمل کامیابی کے ساتھ مکمل نہیں ہو جاتا اور پاکستان سے بھیجی جانے والی اشیاء مطلوبہ منزل تک روانہ نہیں کر دی جاتیں۔

پی ایم ای ایکس جلد ہی جی ٹی پی متعارف کرانے کا منصوبہ رکھتا ہے، جی ٹی پی پر ٹریڈنگ کرنے اور مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے مقامی فروخت کنندگان suppliers@pmex.com.pk پر اور بین الاقوامی خریدار buyers@pmex.com.pk پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

# مندرجات


| | |
|---|---|
| ۱ | پی ایم ای ایکس کے گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم کا تعارف |
| ۲ | پی ایم ای ایکس میں سرمایہ کاروں کی شراکت بڑھانے کی کوشش |
| ۳ | پی ایم ای ایکس میں ایم ٹی 5 کا مکمل تعارف |
| ۴ | پی ایم ای ایکس کے ملازمین کو گھر سے کام کرنے کی سہولت میں توسیع |
| ۴ | پی ایم ای ایکس میں چیف بزنس آفیسر کی تقرری |
| ۵ | پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر کی وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سے ملاقات |
| ۵ | حسن محمود کی یاد میں |
| ۶ | آگاہی پروگرامز |
| ۷ | سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز |
| ۸ | دس سرفہرست بروکرز |
| ۹ | پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں |
| ۱۰ | اشیا کی قیمتوں کا رجحان |




## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)


**ہیڈ آفس**
3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ،
گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان

**لاہور آفس**
آفس نمبر 01 ، P2 فلور، علی ٹاور،
B2-105 ، ایم۔ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان

**اسلام آباد آفس**
آفس نمبر جی۔۹ (بی) ، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو،
بلو ایریا، اسلام آباد، پاکستان

کراچی: +92-21-111-623-623
اسلام آباد: +92-051-2894003-4
لاہور: +92-042-35752825-6
فیکس: +92-21-35155022

**کسٹمر سپورٹ سروسز**
UAN: +92-21-111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔اس کے شیر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروژین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔




### اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن: d.Studio
پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

شمارہ ۲۷ اپریل-جون ۲۰۲۰

# پلس

نیوزلیٹر




PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE